# 21-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ موجودہ عالمی صورتحال میں یوگا ایک ایسا راستہ فراہم کرتا ہے جو دنیا بھر میں بڑھتے دباؤ، بے چینی اور عدم استحکام کے دوران امن کی جانب لے جاسکتا ہے۔

۲۔ وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے کہا کہ یوگا محض جسمانی مشق نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر سائنسی نظام ہے جو جسم، ذہن اور روح کے درمیان توازن قائم کرتا ہے۔انہوں نے حیدرآباد کے گچی باؤلی اسٹیڈیم میں منعقدہ اصل تقریب میں شرکت کی۔

۳۔ ریاستی وزیر ریونیو سرینواس ریڈی نے کہا کہ ریاست میں ریونیو نظام میں جامع اصلاحات جاری ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھو بھارت ایکٹ پر سختی سے عمل درآمد ہو رہا ہے۔

۴۔ سابق وزیر ٹی ہریش راؤ نے آج خبردار کیا کہ اگر کانگریس حکومت نے ریتو بھروسہ امداد کو رنگا ریڈی، میڑچل، ملکاجگری اور پٹن چیرو اضلاع کے دو لاکھ سے زائد کسانوں تک نہ پہنچایا، تو بی آر ایس پارٹی آؤٹر رنگ روڈ (او آر آر) کو بلاک کر دے گی۔

## BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ وہ ریاست میں سابقہ بی آر ایس حکومت کے دور میں مبینہ طور پر غیر قانونی فون ٹیپنگ کے معاملے میں گواہ کے طور پر پولیس کو اپنا بیان دیں گے۔انہوں نے کریم نگر میں صحافیوں کو بتایا کہ وہ تحقیقات میں حکام کے ساتھ تعاون کریں گے۔ جانچ کرنے والے عہدیدار بنڈی سنجے کا بیان ریکارڈ کرنے کے لیے ان سے وقت طلب کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ ریاستی حکومت یہ معاملہ سی بی آئی کے حوالے کرے۔انہوں نے یاددہانی کروائی کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، جب اپوزیشن میں تھے، تو فون ٹیپنگ کیس میں سی بی آئی تحقیقات کا مطالبہ کر چکے تھے۔

## YOGA DAY

معذور افراد کو اختیارات تفویض کرنے کے محکمہ نے رنگا ریڈی ضلع کے چگور میں کنہا ویلنیس سنٹر میں یوگا کے عالمی دن کی 11 ویں سالگرہ شاندار پیمانے پر منائی۔ اس تقریب میں 3400 سے زائد معذور افراد نے 19 سے زائد ریاستوں سے شرکت کی، جس سے یہ کسی ایک مقام پر سب سے بڑی پی ڈبلیو ڈی ایس کی یوگا تقریب بن گئی۔ ڈاکٹر ویریندر کمار، مرکزی وزیر برائے سماجی انصاف و اختیارات، مہمانِ خصوصی تھے۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر ویریندر کمار نے کہا کہ اس تقریب میں تمام 21 معذوری کی تسلیم شدہ اقسام سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

## AIR FORCE

یوگا کا 11 واں بین الاقوامی دن ایئر فورس اکیڈمی ڈنڈیگل میں منایا گیا۔ 600 سے زائد فضائیہ کے عہدیداروں اور ان کے خاندانوں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔ ایئر مارشل پی کے ووہرا، کمانڈنٹ، اے ایف اے، دیگر اعلیٰ عہدیداروں کے ہمراہ اس سیشن میں شامل ہوئے۔ کالج آف ڈیفینس مینجمنٹ سکندرآباد میں بھی یوگا ڈے جوش و خروش سے منایا گیا۔ 300 سے زائد شرکاء بشمول عہدیداروں، ان کے ارکان خاندان اور دوست غیر ملکی افواج سے تعلق رکھنے والے عہدیداروں نے بھرپور شرکت کی۔ یوگا ماہر ادیتی گپتے کی رہنمائی میں منعقدہ اس تقریب نے صحت اور خوشحالی پر مبنی ہمہ گیر نقطہ نظر کو فروغ دیا۔

## CRICKET

کرکٹ میں، انڈیا پہلے ٹسٹ میچ کے دوسرے دن اپنی پہلی اننگز 380 رنز پر 3 کھلاڑی آؤٹ کے اسکور سے ہیڈ نگلے، لیڈز میں، اینڈرسن-ٹنڈولکر ٹرافی کے تحت اپنی پہلی اننگز کی شروعات کرے گا۔ کپتان شبمن گل اور نائب کپتان رشبھ پنت کریز پر موجود ہیں۔ گل اپنے کیریئر کے پہلے میچ میں کپتان کے طور پر سنچری بنا کر ہندوستان کے ان کپتانوں کی فہرست میں شامل ہو گئے جنہوں نے ڈیبیو میچ میں سنچری بنائی۔ گل نے ٹسٹ میچس میں 2000 رنز بھی مکمل کیے، جبکہ پنت نے 3000 رنز کا سنگ میل عبور کر لیا۔

AP - YOGA DAY

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ موجودہ عالمی صورتحال میں یوگا ایک ایسا راستہ فراہم کرتا ہے جو دنیا بھر میں بڑھتے دباؤ، بے چینی اور عدم استحکام کے دوران امن کی جانب لے جاسکتا ہے۔ 11 ویں بین الاقوامی یوم یوگا کے موقع پر آندھرا پردیش کے وشاکھا پٹنم میں ساحلی علاقے میں منعقدہ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ یوگا اتحاد کا ذریعہ ہے اور ایک ایسا وقفہ ہے جو سانس لینے، ذہنی توازن قائم کرنے اور صحت مند ذہنی حالت کی بحالی کے لیے مددگار رہے۔ اس موقع پر انہوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ یوگا ڈے کو یوگا برائے انسانیت 2.0 کی شروعات کے طور پر منائیں، جہاں اندرونی سکون عالمی پالیسی کا حصہ بنے۔ انہوں نے ہر ملک اور سماج سے اپیل کی کہ یوگا کو اپنی طرزِ زندگی اور عوامی پالیسی کا حصہ بنائیں۔ وزیراعظم مودی نے ایک مشترکہ کوشش کا تصور پیش کیا تاکہ ایک پرامن، متوازن اور پائیدار دنیا کی جانب پیش قدمی کی جاسکے۔

Sound Byte

وزیراعظم نے بتایا کہ ملک کے ممتاز طبی ادارے یوگا تحقیق میں مصروف ہیں تاکہ یوگا کی سائنسی اہمیت کو جدید طبی نظام میں ثابت کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال یوگا ڈے کا تھیم ایک زمین، ایک صحت، ایک مستقبل کے لیے یوگا ہے، اور اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دنیا ایک خوشحال اور محفوظ مستقبل کے لیے کس طرح متحد ہوسکتی ہے۔

Sound Byte

وشاکھا پٹنم میں یوگا ڈے کی تقاریب کے دوران آندھرا پردیش اور ملک کے لیے ایک تاریخی لمحے میں دو گینز ورلڈ ریکارڈز حاصل کیے گئے۔ 3 لاکھ سے زائد شرکاء نے ایک ساتھ یوگا کی مشق کی، جس کے نتیجہ میں ایک ہی مقام پر سب سے بڑی اوپن ایئر یوگا تقریب کا عالمی ریکارڈ قائم ہوا۔ اس کے علاوہ، دوسرا گینز ورلڈ ریکارڈ وشاکھا پٹنم کی آندھرا یونیورسٹی میں 22,122 قبائلی طلبہ کی جانب سے اجتماعی سوریہ نمسکار کی مشق پر قائم ہوا۔ گینز ورلڈ ریکارڈز کے عہدیداروں نے دونوں کامیابیوں کے باضابطہ سرٹیفکیٹس آج ریاستی وزیر برائے آئی ٹی و تعلیم این لوکیش کو پیش کیے، جنہوں نے یوگندھرا مہم کی قیادت کی تھی، اس کے تحت آندھرا پردیش کے دو کروڑ افراد کو یوگا کی تربیت دی گئی۔

ARREST

بی آر ایس کے حضور آباد ایم ایل اے پڈی کوشک ریڈی کو آج ورنگل پولیس نے ایک کان کے مالک کو مبینہ دھمکی دینے کے الزام میں گرفتار کرلیا۔ انہیں شمس آباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے حراست میں لیا گیا۔ بعد ازاں ایم ایل اے کو ورنگل لے جایا گیا۔ ان کے خلاف بھارتیہ نیایہ سنہیتا (بی این ایس) کی دفعات 308(2)، 308(4) اور 352 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ کوشک ریڈی کو عدالت میں پیش کیا گیا۔

YOGA STATE

ریاست بھر میں 11 ویں بین الاقوامی یوگا تقاریب منعقد کی گئیں۔ اصل تقریب کا اہتمام آیوش اور محکمہ صحت کی جانب سے گچی باؤلی اسٹیڈیم میں کیا گیا۔ اس تقریب میں ہزاروں کی تعداد میں پرجوش ہجوم، سرکاری عہدیداروں، طلبہ اور دیگر نے شرکت کی۔ تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما، مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار، ریاستی وزیر صحت سی دامودر راج نرسمہا، وزیر کھیل واکیٹی سری ہاری، اسپورٹس اتھارٹی کے چیرمین شیوا سینا ریڈی اور چیف سیکریٹری راما کرشنا راؤ بھی اس تقریب میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر گورنر جشنو دیو شرما نے کہا کہ یوگا ہماری قدیم ہندوستان وراثت کا ایک اہم جز ہے، جس میں جسمانی، نفسیاتی اور جذباتی بہبود کو بڑھانے کی بے پناہ صلاحیت ہے۔ انہوں نے اس سال کے یوگا ڈے کا تھیم ایک زمین، ایک صحت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یوگا انسانی اور قدرتی ہم آہنگی کے فروغ اور ہمہ گیر فلاح و بہبود کیلئے نہایت اہم ہے۔ وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے یوگا کو ہندوستان کا دنیا کو دیا گیا عظیم تحفہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یوگا محض جسمانی مشق نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر سائنسی نظام ہے جو جسم، ذہن اور روح کے درمیان توازن قائم کرتا ہے۔ وزیر موصوف نے یوگا کی اہمیت کو موجودہ دور کی طرزِ زندگی سے وابستہ بیماریوں کے تدارک کے تناظر میں اجاگر کیا۔

Sound Byte

شہر حیدرآباد میں ہزاروں افراد نے صبح 5 بجے ہی قریبی پارکوں میں جمع ہو کر یوگا کی مشق کی۔ حیدرآباد کے پارکوں اور کھلے میدانوں میں یوگا ڈے کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ ریاست کے تمام اضلاع سے یوگا ڈے کی تقریبات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

BHU-BHARATI

ریاستی وزیر ریونیو سرینواس ریڈی نے کہا کہ ریاست میں ریونیو نظام میں جامع اصلاحات جاری ہیں۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھو بھارت ایکٹ پر سختی سے عمل درآمد ہورہا ہے۔ وزیر موصوف نے آج سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس طلب کیا، جس میں ریاست بھر میں منعقدہ ریونیو سمیناروں کی کامیاب تکمیل کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ موجودہ حکومت نے کسانوں کو درپیش مشکلات کو دور کرنے کیلئے بھو بھارت ایکٹ متعارف کرایا، جس کے تحت 2020 کے آر او آر ایکٹ کو منسوخ کر دیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اب تک 3.27 لاکھ درخواستیں آن لائن کامیابی سے رجسٹر ہو چکی ہیں اور عہدیداروں کو باقی درخواستوں کی رجسٹریشن کو تیز کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

Khamam

کھمم ضلع میں یوگا ڈے بڑے پیمانے پر منعقد کیا گیا جس میں کھمم کیندریہ ودیالیا اسکول کے طلبہ نے حصہ لیا۔ دسویں جماعت کی طالبہ تنویر نے کہا کہ یوگا سے تناؤ دور ہوتا ہے اور جسم کو راحت ملتی ہے۔

Sound Byte

Weather

آنے والے پانچ دنوں کے دوران تلنگانہ کے تمام اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے، تاہم یہ واقعات چند مقامات پر محدود ہوں گے۔ محکمہ موسمیات نے اپنی روزانہ کی موسمی رپورٹ میں بتایا کہ اس وقت ریاست تلنگانہ پر جنوب مغربی مانسون کی شدت کمزور ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دو مقامات پر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔

Harish Rao

سابق وزیر ٹی ہریش راؤ نے آج خبردار کیا کہ اگر کانگریس حکومت نے رعیتو بھروسہ امداد کو رنگا ریڈی، میڑچل، ملکاجگری اور پٹن چیرو اضلاع کے دو لاکھ سے زائد کسانوں تک نہ پہنچایا، تو بی آر ایس پارٹی آؤٹر رنگ روڈ (او آر آر) کو بلاک کر دے گی۔ جنتارم منڈل ہیڈ کوارٹر پر کسانوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، جو پٹن

چیروا سمبلی حلقہ کے کسانوں کی حمایت میں منعقد کیا گیا تھا، ہریش راؤ نے کہا کہ کانگریس حکومت نے کسانوں کے مطالبات کو نظر انداز کر دیا ہے اور اپنے وعدوں پر عمل نہیں کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ گزشتہ دو فصلوں کے دوران کسانوں کو رعیّتو بھروسہ کے فوائد نہیں دئے گئے اور ریاست کے آدھے سے زیادہ کسانوں کو تا حال وعدہ شدہ قرض معافی بھی نہیں ملی ہے۔

☆☆☆